# کھیلیں کریں سیکھیں



تیسری جماعت



# بھارت کا آئین

## حصہ 4 الف

## بنیادی فرائض

**حصہ 51 الف**

**بنیادی فرائض - بھارت کے ہر شہری کا یہ فرض ہوگا کہ وہ...**

(الف) آئین پر کاربند رہے اور اس کے نصب العین اور اداروں، قومی پرچم اور قومی ترانے کا احترام کرے۔

(ب) ان اعلیٰ نصب العین کو عزیز رکھے اور ان کی تقلید کرے جو آزادی کی تحریک میں قوم کی رہنمائی کرتے رہے ہیں۔

(ج) بھارت کے اقتدارِاعلیٰ، اتحاد اور سالمیت کو مستحکم بنیادوں پر استوار کرکے ان کا تحفّظ کرے۔

(د) ملک کی حفاظت کرے اور جب ضرورت پڑے قومی خدمت انجام دے۔

(ہ) مذہبی، لسانی اور علاقائی وطبقاتی تفرقات سے قطع نظر بھارت کے عوام الناس کے مابین یک جہتی اور عام بھائی چارے کے جذبے کو فروغ دے نیز ایسی حرکات سے باز رہے جن سے خواتین کے وقار کو ٹھیس پہنچتی ہو۔

(و) ملک کی ملی جلی ثقافت کی قدر کرے اور اُسے برقرار رکھے۔

(ز) قدرتی ماحول کو جس میں جنگلات، جھیلیں، دریا اور جنگلی جانور شامل ہیں محفوظ رکھے اور بہتر بنائے اور جانداروں کے تئیں محبت وشفقت کا جذبہ رکھے۔

(ح) دانشورانہ رویے سے کام لے کر انسان دوستی اور تحقیقی واصلاحی شعور کو فروغ دے۔

(ط) قومی جائداد کا تحفظ کرے اور تشدد سے گریز کرے۔

(ی) تمام انفرادی اور اجتماعی شعبوں کی بہتر کارکردگی کے لیے کوشاں رہے تاکہ قوم متواتر ترقی وکامیابی کی منازل طے کرنے میں سرگرمِ عمل رہے۔

(ک) اگر ماں باپ یا ولی ہے، چھے سال سے چودہ سال تک کی عمر کے اپنے بچے یا وارڈ، جیسی بھی صورت ہو، کے لیے تعلیم کے مواقع فراہم کرے۔

سرکاری فیصلہ نمبر : ابھیاس-۲۱۱۶/ (پر-نمبر۱۶/۴۳) ایس ڈی-۴/ مؤرّخہ ۲۵/اپریل ۲۰۱۶ء کے مطابق قائم کردہ
رابطہ کارکمیٹی کی ۳۰/جنوری ۲۰۲۰ء کو منعقدہ نشست میں اس کتاب کو تعلیمی سال ۲۰۲۰-۲۱ء سے درسی کتاب کے طور پر منظوری دی گئی۔



# کھیلیں کریں سیکھیں

(صحت اور جسمانی تعلیم، عملی تجربہ، فنونِ لطیفہ)

## تیسری جماعت

महाराष्ट्र राज्य पाठ्यपुस्तक निर्मिती व अभ्यासक्रम संशोधन मंडळ

مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و ابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ-۴۱۱۰۰۴۔

اپنے اسمارٹ فون میں انسٹال کردہ Diksha App کے توسط سے درسی کتاب کے پہلے صفحے پر درج Q.R. code کے ذریعے ڈیجیٹل درسی کتاب اور درس و تدریس کے لیے مفید سمعی و بصری وسائل دستیاب ہوں گے۔

Z97J72

پہلا ایڈیشن : ۲۰۲۰ء (2020)
جدید ایڈیشن : ۲۰۲۱ء (2021)



© مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی وابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ- 411 004
اس کتاب کے جملہ حقوق مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی وابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ کے حق میں محفوظ ہیں۔اس کتاب کا کوئی بھی حصہ ڈائرکٹر، مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی وابھیاس کرم سنشودھن منڈل کی تحریری اجازت کے بغیر شائع نہیں کیا جاسکتا۔


### ’کھیلیں، کریں، سیکھیں‘ کی مضمون کمیٹی

۱۔ شری جی۔آر۔ پٹوردھن (صدر)
۲۔ پروفیسر سروج دیشمکھ
۳۔ شری پرکاش پارکھے
۴۔ شری سنیل دیسائی
۵۔ شری مُکل دیشپانڈے
۶۔ شری سنتوش تھلے
۷۔ شریمتی رشمی راجپورکر
۸۔ شری وِدّیادھر مہاترے
۹۔ شری ناگ سین بھالے راؤ
۱۰۔ شریمتی وَندنا پھڑترے
۱۱۔ شری گیانیشور گارگے
۱۲۔ ڈاکٹر اجے کمار لولگے (رکن-سکریٹری)

### ’کھیلیں، کریں، سیکھیں‘ کا اسٹڈی سرکل

۱۔ ڈاکٹر وشواس ایولے
۲۔ شری نلیش جھاڑے
۳۔ شریمتی اُجولا نا ندکھلے
۴۔ شری شنکر شہانے
۵۔ شری اشون کنارکر
۶۔ شری اَروِند موڈھوے
۷۔ شری امول بودھے
۸۔ شری پرکاش نیٹکے
۹۔ شری ہرامن پاٹل
۱۰۔ شری پروین مالی
۱۱۔ شریمتی نیتالی ہرگڑے
۱۲۔ شریمتی کشوری تانبولی
۱۳۔ شریمتی آساوری کھانجھوڑے
۱۴۔ شریمتی پراجکتا ڈھولے
۱۵۔ شری گیانی کلکرنی
۱۶۔ شریمتی سجاتا پنڈت
۱۷۔ شری اشوک پاٹل
۱۸۔ شری سومیشور ملکارجن
۱۹۔ شری اشفاق خان منصوری


**Urdu Translators**
Mr. Khan Hasnain Aquib Mohd. Shehbaz Khan
Mr. Nasiruddin Ansaar Mizajuddin
Mr. Asif Nisar Sayyed

**Co-ordinator (Urdu)**
Khan Navedul Haque Inamul Haque,
Special Officer for Urdu,
M.S. Bureau of Textbooks, Balbharati

**Co-ordinator (Marathi)**
Dr. Ajaykumar Lolge
Special Officer for Work Experience,
Incharge Spl. Officer for Arts, Physical Education

**Urdu D.T.P. & Layout**
Yusra Graphics, 305, Somwar Peth, Pune-11.

**Cover Designing**
Shri Sunil Desai, Shri Ramesh Malge

**Artwork & Designing**
Shri Shrimant Honrao,
Shri Rahul Pagare
Shri Prashant Tribhuwan
Shrimati Prajakta Bhilwade

**Production**
Shri Sachchitanand Aphale
Chief Production Officer
Shri Prabhakar Parab
Production Officer
Shri Shashank Kanikdale
Assisstant Production Officer

**Paper**
70 GSM Creamvowe

**Print Order**

**Printer**

**Publisher**
**Shri Vivek Gosavi**
Controller,
M.S. Bureau of Textbook
Production, Prabhadevi,
Mumbai - 25.

# بھارت کا آئین

## تمہید

**ہم بھارت کے عوام** متانت و سنجیدگی سے عزم کرتے ہیں کہ بھارت کو

**ایک** مقتدر سماج وادی غیر مذہبی عوامی جمہوریہ بنائیں

اور اس کے تمام شہریوں کے لیے حاصل کریں :

**انصاف،** سماجی ، معاشی اور سیاسی ؛

**آزادی** خیال، اظہار ، عقیدہ ، دین اور عبادت ؛

**مساوات** بہ اعتبارِ حیثیت اور موقع ،

اور ان سب میں

**اُخوّت** کو ترقّی دیں جس سے فرد کی عظمت اور قوم کے اتّحاد اور

سالمیت کا تیقّن ہو؛

**اپنی آئین ساز اسمبلی میں** آج چھبّیس نومبر ۱۹۴۹ء کو یہ آئین

**ذریعۂ ہٰذا اختیار کرتے ہیں،**

**وضع کرتے ہیں اور اپنے آپ پر نافذ کرتے ہیں۔**

## راشٹر گیت

جَن گَن مَن - اَدِھ نایک جَیَہ ہے
بھارَت - بھاگیہ وِدَھاتا۔

پَنجاب، سِندُھ، گُجرات، مَراٹھا
دراوِڑ، اُتکَل، بَنگ،

وِندھیہ، ہماچَل، یَمُنا، گنگا،
اُچّھل جَل دِھ ترَنگ،

تَو شُبھ نامے جاگے، تَو شُبھ آشِس ماگے،
گاہے تَو جَیَہ گاتھا،

جَن گَن منگل دایَک جَیَہ ہے،
بھارَت - بھاگیہ وِدھاتا۔

جَیَہ ہے، جَیَہ ہے، جَیَہ ہے،
جَیَہ جَیَہ جَیَہ، جَیَہ ہے۔

## عہد

بھارت میرا ملک ہے۔ سب بھارتی میرے بھائی اور بہنیں ہیں۔

مجھے اپنے وطن سے پیار ہے اور مَیں اس کے عظیم و گونا گوں وِرثے پر فخر محسوس کرتا ہوں۔ مَیں ہمیشہ اِس ورثے کے قابل بننے کی کوشش کروں گا۔

میں اپنے والدین، استادوں اور بزرگوں کی عزّت کروں گا اور ہر ایک سے خوش اخلاقی کا برتاؤ کروں گا۔

میں اپنے ملک اور اپنے لوگوں کے لیے خود کو وقف کرنے کی قسم کھاتا ہوں۔ اُن کی بہتری اور خوش حالی ہی میں میری خوشی ہے۔

# پیش لفظ

عزیز بچّو !

تیسری جماعت میں آپ کا استقبال ہے ! درسی کتاب 'کھیلیں، کریں، سیکھیں' ہم نے پچھلے سال پڑھی ہے۔ اس سال نئے سرے سے 'کھیلیں، کریں، سیکھیں' تیسری جماعت کی یہ کتاب آپ کے ہاتھوں میں سونپتے ہوئے ہمیں بہت خوشی ہورہی ہے۔

آپ کو نئی چیزیں بنانا، گانا گانا، کہانی سننا اور کھیلنا بہت پسند ہے۔ اس کے علاوہ آپ کو ساز بجانا، رقص اور ڈراما کرنا، تصویر بنانا، انھیں چسپاں کرنا، رنگنا اور نئے نئے کھیل تلاش کرنا بھی آپ کو بے حد پسند ہے۔ ہے نا؟

یہ تمام سرگرمیاں آپ 'کھیلیں، کریں، سیکھیں' کتاب کے توسط سے انجام دے پائیں گے۔ مختلف جسمانی حرکات کرنا، نئے کھیل اور مقابلوں کی تلاش، تتلی، بچت پیٹی، ناریل کے خول سے سجاوٹی کام کرنا، کہانی، مکالمہ، نظم، معمہ، رنگ بھرنا، مجسمہ، سازوں کا تعارف جیسے کام کرنا اب آپ کے لیے ممکن ہوجائے گا۔ اوپر دی ہوئی سرگرمیوں کے ذریعے آپ خوب لطف اندوز ہوں گے۔ آپ اپنی تیار کی ہوئی چیزوں کی ایک چھوٹی سی نمائش کا اہتمام بھی کرسکیں گے۔ کچھ چیزیں دوسروں کو تحفے کے طور پر بھی دے سکیں گے جس سے آپ کو لطف اور شاباشی دونوں ہی ملیں گے۔ مختصراً کہا جائے تو آپ تعلیم برائے زندگی سے دوستی کرنے والے ہیں۔

'کثرت میں وحدت' کے اصول کے تحت جماعت کے تمام طلبہ جدت کے پیش نظر مطالعہ کریں گے۔ آپ جیسے ذہین اور فعال طلبہ کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے لیے یہ کتاب ایک بہترین ذریعہ ثابت ہوگی۔ آئیے، سرگرمیوں پر مبنی آموزش کا تجربہ حاصل کریں۔

کتاب میں پسند آنے والی اور مزید متوقع باتوں سے ہمیں واقف کرنا نہ بھولیں۔

'کھیلیں، کریں، سیکھیں' کتاب کی تمام سرگرمیاں پورے جوش اور کامیابی کے ساتھ انجام دینے کے لیے آپ تمام کو دل کی گہرائیوں سے نیک خواہشات !

(وِویک گوساوی)
**ڈائرکٹر**
مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و
ابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ-۴

پونہ۔
تاریخ : ۲۱ر فروری ۲۰۲۰ء
بھارتی سَور تاریخ : ۲ر پھالگن ۱۹۴۱

# ہدایات برائے اساتذہ

**صحت اور جسمانی تعلیم، عملی تجربہ اور فنونِ لطیفہ کی تعلیم**، اِن تین مضامین کو بالترتیب 'کھیلیں، کریں، سیکھیں' کے عنوان سے اس کتاب میں شامل کیا گیا ہے۔معلم کو بحیثیت تسہیل کار دی ہوئی ہدایات کے مطابق اور اپنے ذاتی تصوّر کی مدد سے سرگرمیاں مکمل کروانی ہیں۔تینوں مضامین کے باہمی تعلق کے علاوہ ان کا ربط زبان، ریاضی اور ماحولیاتی مطالعہ جیسے مضامین سے بھی قائم کیا جاسکے گا۔ نیز باہم مدد طریقۂ تدریس کے ذریعے طلبہ کو مسرت بخش تجربہ فراہم کیا جاسکے گا۔ان کی تعلیم کو زندگی سے جوڑا جاسکے گا۔اس کتاب میں ایسی سرگرمیاں شامل کی گئی ہیں جن کے ذریعے یہ تجربات زندگی بھر کام آئیں گے۔سرگرمیاں انجام دینے کے لیے ہم متعلقہ اکائی میں ماہر سرپرست، معلم، کھلاڑی، صنعتی شعبوں کے کاریگر، فن کار کی مدد لے سکیں گے۔اس کے علاوہ اطلاعاتی مواصلاتی ٹکنالوجی کے جدید وسائل کا استعمال بھی کیا جاسکے گا۔

'کھیلیں، کریں، سیکھیں' کتاب میں محض **صحت اور جسمانی تعلیم، عملی تجربہ اور فنونِ لطیفہ کی تعلیم** جیسے مضامین سے متعلق صرف سرگرمیاں جمع نہیں کی گئی ہیں بلکہ طلبہ کو مختلف تعلیمی تجربات فراہم کرنے کے لیے کافی تعداد میں رنگین تصاویر اور اساتذہ کے لیے واضح ہدایات کی منصوبہ بندی بھی کی گئی ہے۔ تیسری جماعت کے طلبہ کی تحریر اور مطالعے کا عمل بہت زیادہ ترقی یافتہ نہیں ہوگا لیکن دھیرے دھیرے انھیں اس عمل کی طرف لے جانے اور تعلیم کو مزید پرلطف بنانے کا یہ ایک بہترین راستہ ہے۔

اس درسی کتاب میں ایک دوسرے کے تکمیلی اجزا کے طور پر خطوط، شکلیں، تصویر بنانے، خط نگاری، خوش خطی، مٹی کام، دستیاب اشیا سے سجاوٹی کام، آبی خواندگی، آفات کے حسن انتظام کے ذریعے قدرتی تبدیلیوں کا تعارف، پیشہ ورانہ تعلیم کی طرف لے جانے والی پیداواری سرگرمیاں، آمد و رفت کے اصول، اطلاعاتی ٹکنالوجی کا تعارف، مختلف جسمانی حرکات، آسان ورزش، صفائی، کھیل، مقابلے نیز اس طرح کی زندگی کو تعلیم سے تاحیات جوڑے رکھنے والی سرگرمیاں شامل ہیں۔ چونکہ یہ کتاب طلبہ کے لیے ہے اس لیے اس میں نصاب، مقاصد، زمرے اور تمام سرگرمیاں شامل نہیں ہیں۔ان امور کو سمجھنے کے لیے پاٹھیہ پستک منڈل کی تیارکردہ '**رہنمائے معلم**' (مراٹھی) کی مدد لینی ہوگی۔

مخصوص تعلیمی ضروریات کے حامل طلبہ میں کسی قسم کا امتیاز نہ برتتے ہوئے مشمولی تعلیم کے ذریعے تمام طلبہ کو یکساں طور پر مرکزی دھارے میں لاتے ہوئے ان کی تعلیم میں تسلسل برقرار رکھنے کی کوشش تمام سرگرمیوں کی منصوبہ بندی کے ذریعے کی جاسکتی ہے۔ ہر اکائی کا عنوان، تصویری پیشکش، اساتذہ - سرپرستوں کے لیے رہنما ہدایات اور طلبہ کے اظہارِ ذات کے لیے 'میری سرگرمی' اس کتاب کی اہم خصوصیات ہیں۔ ہر طالب علم کو اپنی پسند کے مطابق آزادانہ طور پر مشق کے ذریعے مہارت حاصل کرنے اور شمولیت کے مواقع حاصل ہوں گے۔اس لیے سرگرمیوں سے متعلق ان کے ہر عمل کو قبول کریں۔

**'کھیلیں، کریں، سیکھیں' یہ تینوں مضامین ایک ہی کتاب میں شامل ہونے کے باوجود ان مضامین کی سرگرمیاں اور قدر پیمائی مقررہ پیریڈ کے مطابق آزادانہ طور پر انجام دی جائیں**۔ زباندانی، ریاضی، ماحولیاتی مطالعہ وغیرہ مضامین سے ربط قائم کیا جائے۔سرگرمیوں کی منصوبہ بندی میں لچک رکھتے ہوئے جماعتی تشکیل میں تبدیلی، علاقائی سیر کی منصوبہ بندی اور اطلاعاتی ٹکنالوجی کے وسائل کا استعمال وسعت کے ساتھ کیا جاسکے گا۔ درس و تدریس کے مقاصد کی نتیجہ خیزی سے واقف ہونے کے لیے اہداف طے کرکے مسلسل ہمہ جہت قدر پیمائی کے وسائل کا استعمال کیا جاسکے گا۔خصوصی ضروریات کے حامل طلبہ کی قدر پیمائی کے دوران مناسب احتیاط برتی جائے۔طلبہ سے نہایت صاف ستھرے کام کی توقع رکھے بغیر انھیں اظہارِ رائے اور سرگرمی مرکوز شمولیت کا موقع دینا متوقع ہے۔

تعلیمی اقدار کی نشوونما کے لیے آپ میں سے بہت سے فعال اور پرجوش اساتذہ اپنی اپنی اسکولوں میں تنوع سے پُر تجربات فراہم کرنے والی سرگرمیوں کا انعقاد کرتے ہیں۔اس سے متعلق معلومات دینے والی تصاویر، ویڈیو منڈل کو ارسال کرنا نہ بھولیں۔ ہم آپ کی اختراعی سرگرمیوں اور تخلیقی ہدایات کا خیر مقدم کریں گے۔کتاب میں دی ہوئی سرگرمیوں اور معاون سرگرمیوں کی کامیاب انجام دہی کے لیے آپ تمام کو نیک خواہشات !

**کھیلیں، کریں، سیکھیں مضمون کمیٹی اور مجلسِ مشاورت**

پاٹھیہ پستک منڈل، پونہ

| کھیلیں | کریں | سیکھیں |
|---|---|---|
| Learning by Playing | Learning by Art | Learning by Doing |

# کھیلیں، کریں، سیکھیں - تیسری جماعت - آموزشی ماحصل

| نمبر شمار | مضمون | اکائی | آموزشی ماحصل |
|---|---|---|---|
| ۱۔ | کھیلیں | ۱۔ صحت | • صحت کے لیے اچھی عادتوں کو سمجھ کر ان پر عمل کرتا ہے۔ |
| | | | • کھیل کے میدان سے متعلق اہم باتوں کی معلومات حاصل کرتا ہے۔ |
| | | ۲۔ مختلف حرکات و سکنات اور مناسب جسمانی حالت | • مناسب جسمانی حالت قائم رکھ کر مختلف حرکات کی مشق/ ورزش کرتا ہے۔ |
| | | ۳۔ کھیل اور مقابلے | • مختلف قسم کے کھیلوں میں دلچسپی لیتا ہے۔ مقابلوں میں شرکت کرتا ہے۔ |
| | | ۴۔ مہارت پر مبنی سرگرمیاں | • مہارت پر مبنی سرگرمیوں کی مشق کرتا ہے۔ |
| | | ۵۔ ورزش | • تمام جوڑوں اور عضلات کو متحرک کرنے کے لیے مناسب ورزش کرتا ہے۔ |
| ۲۔ | کریں | ۱۔ ضرورت پر مبنی سرگرمیاں | • جماعت کی آرائش کر کے خاص دنوں اور اطراف میں موجود چھوٹی صنعتوں کی معلومات بتاتا ہے۔ |
| | | • آبی خواندگی | • پانی کے مختلف استعمال بتاتا ہے۔ پانی سے متعلق بڑبڑ گیت، کہانی، پانی ذخیرہ کرنے کے وسائل بتاتا ہے اور تصویروں میں رنگ بھرتا ہے۔ |
| | | • آفات کا حسنِ انتظام | • زلزلہ، سیلاب، سونامی، جنگل کی آگ، بجلی گرنا جیسی قدرتی آفات کی تصویریں پہچانتا ہے۔ |
| | | ۲۔ دلچسپی پر مبنی سرگرمیاں | • آس پاس دستیاب وسائل کی مدد سے جدیدیت سے ہم آہنگ ہو کر دلچسپی کے مطابق وسائل تیار کرتا ہے۔ |
| | | ۳۔ مہارت پر مبنی سرگرمیاں | • ضروریات اور مسائل سے متعلق مہارت پر مبنی اور سماج کے لیے مفید وسائل تیار کرتا ہے۔ |
| | | ۴۔ اختیاری سرگرمیاں پیداواری سرگرمیاں | • پیداوار کے لیے ضروری بنیادی مہارتیں حاصل کر کے محدود معاشی پیداوار کی خاطر کی جانے والی سرگرمیوں میں شامل ہوتا ہے۔ |
| | | • غذا، لباس، مکان | • غذا، لباس اور مکان سے متعلق سرگرمیوں میں شامل ہوتا ہے۔ |
| | | ۵۔ ٹکنالوجی شعبہ | • کمپیوٹر کے مختلف اجزا کو پہچان کر بیرونی اجزا کی دیکھ بھال کرتا ہے۔ |
| | | آمد و رفت کے اُصول | • آمد و رفت کے اُصول کو سمجھتا ہے۔ |
| | | ۶۔ دیگر شعبے - مویشی پروری | • مختلف پالتو جانوروں اور پرندوں کو پہچانتا ہے اور ان کے استعمال بتاتا ہے۔ |
| ۳۔ | سیکھیں | ۱۔ تصویر | • اپنی پسند کے مطابق دائرہ، مثلث، چوکون بنا کر رنگ بھرتا ہے۔ |
| | | | • لکیروں کی مختلف شکلوں سے آسان شکلیں بناتا ہے اور نقاشی کرتا ہے۔ |
| | | | • ٹھپے کام اور کولاج بناتا ہے۔ رنگوں سے متعارف ہوتا ہے اور تصویر میں رنگ بھرتا ہے۔ خوش خطی کے لیے لکیروں کی مشق کرتا ہے۔ |
| | | ۲۔ مجسمہ | • مٹی کام کی مدد سے مختلف چیزیں تیار کرتا ہے۔ |
| | | ۳۔ گانا | • بڑبڑ گیت، اجتماعی گیت ترنم اور سُر تال کے ساتھ گاتا ہے۔ |
| | | ۴۔ بجانا/ موسیقی | • سازوں سے متعارف ہوتا ہے۔ تال کے ساتھ تالیاں بجاتا ہے۔ |
| | | ۵۔ رقص | • ہاتھوں اور پیروں کو لے کے ساتھ حرکات دیتا ہے۔ بڑبڑ گیت اور اجتماعی گیتوں پر اداکاری کے ساتھ رقص کرتا ہے۔ |
| | | ۶۔ ڈراما/ اداکاری | • مختلف سرگرمیوں کی مدد سے اداکاری اور ڈرامے سے متعارف ہوتا ہے۔ جسمانی اور ریڈیائی اداکاری کی پیش کش کرتا ہے۔ |

# فہرست

## کھیلیں



| اکائی | | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱۔ | صحت | ۱ |
| ۲۔ | مختلف حرکات وسکنات | ۷ |
| ۳۔ | کھیل اور مقابلے | ۱۱ |
| ۴۔ | مہارت پر مبنی سرگرمیاں | ۱۵ |
| ۵۔ | ورزش | ۲۳ |



## کریں



| اکائی | | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱۔ | ضرورت پر مبنی سرگرمیاں | ۳۱ |
| ۲۔ | دلچسپی پر مبنی سرگرمیاں | ۳۷ |
| ۳۔ | مہارت پر مبنی سرگرمیاں | ۴۰ |
| ۴۔ | اختیاری سرگرمیاں | ۴۳ |
| ۵۔ | اطلاعاتی ٹکنالوجی | ۶۰ |



## سیکھیں



| اکائی | | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱۔ | تصویر | ۶۱ |
| ۲۔ | مجسمہ سازی (دستکاری) | ۷۶ |
| ۳۔ | گانا | ۷۸ |
| ۴۔ | بجانا (ساز) | ۸۱ |
| ۵۔ | رقص | ۸۳ |
| ۶۔ | ڈراما/اداکاری | ۸۶ |